# LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting ("EOGM") of Lotte Chemical Pakistan Limited (the "Company") will be held on Tuesday, 22 September 2026 at 11:00 a.m. at the National Institute of Banking & Finance, Pakistan, M.T. Khan Road, Karachi, and through video-link arrangement, to transact the following business:

**SPECIAL BUSINESS:**

**1. Increase in Authorized Share Capital**

*To consider and if thought fit, approve the increase in the authorized share capital of the Company in accordance with Section 85 of the Companies Act, 2017 read with, among others, the Companies Regulations, 2024 (together the "Applicable Laws") and subsequent amendments in the Memorandum and Articles of Associations of the Company and to pass the following special resolutions:*

***RESOLVED THAT**, pursuant to Section 85 of the Companies Act, 2017 the Authorized Share Capital of the Company be increased from Rs. 20,000,000,000/- (Rupees Twenty Billion Only) divided into 2,000,000,000 ordinary shares of Rs. 10/- each to Rs. 40,000,000,000/- (Rupees Forty Billion Only) divided into 4,000,000,000 ordinary shares of Rs. 10/- each.*

***FURTHER RESOLVED THAT**, Clause (V) of the Memorandum of Association of the Company be and is hereby altered and the Articles of Association of the Company be and are hereby amended by inserting therein the following provision:*

"The authorized share capital of the Company is Rs. 40,000,000,000/- (Rupees Forty Billion Only) divided into 4,000,000,000 ordinary shares of Rs. 10 /- each."

**2. Change of Name of the Company**

To consider and, if thought fit, approve the change of the name of the Company from Lotte Chemical Pakistan Limited to Noventra Limited, in accordance with Section 12 of the Companies Act, 2017 and the Applicable Laws, and the consequential amendments to the Memorandum of Association and Articles of Association of the Company, and to pass the following special resolutions:

***RESOLVED THAT**, pursuant to Section 12 of the Companies Act, 2017 and subject to such approvals, consents and permissions as may be required under the Applicable Laws, the name of the Company be and is hereby changed from Lotte Chemical Pakistan Limited to Noventra Limited.*

***FURTHER RESOLVED THAT**, the Memorandum and Articles of Association of the Company be altered by substituting the name "Lotte Chemical Pakistan Limited" with "Noventra Limited", wherever appearing in the said Memorandum and Articles of Association of the Company.*

***FURTHER RESOLVED THAT**, the Chief Executive and/or Chief Financial Officer and/or Company Secretary of the Company be and are hereby singly authorized to fulfil all requirements of the Applicable Laws in respect of the increase in the authorized share capital of the Company, change of name and the consequent amendments and inclusion to the Memorandum of Association and Articles of Association of the Company, including, without limitation, filing the amended Memorandum of Association, Articles of Association, declarations, forms, documents, circulars and papers with the Securities and Exchange Commission of Pakistan and any other relevant authority, where necessary, and to affix the Common Seal of the Company to such documents, where required.*

A statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 stating the material facts regarding the special business to be transacted is annexed with this notice.

By Order of the Board
**Faisal Abid**
Company Secretary

1st September 2026
Karachi

**Notes:**

1. **Book closure**. The Share Transfer books of the Company will remain closed from Tuesday, 15 September 2026 to Tuesday, 22 September 2026 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of Company's Share Registrar, FAMCO Share Registration Services (Pvt) Ltd, 8-F, near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S, Shahrah-e-Faisal, Karachi, by the close of business on 14 September 2026, will be treated in time for the purpose of attending the EOGM.

2. **Participation in EOGM**. A member of the Company entitled to attend, and vote may appoint another member as his/her proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of the holding of the Meeting. In calculating the aforesaid period, no account shall be taken of any day that is not a working day. Proxy Form may also be downloaded from the Company's website: www.lottechem.pk

   CDC Account Holders will have to follow further undermentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated 26 January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

   **a) For attending the meeting:**
   - i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account, and their registration details are uploaded as per the Regulation, shall authenticate his/her identity by showing his/her original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.
   - ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

   **b) For appointing proxies:**
   - i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account, and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
   - ii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   - iii. Attested copies of valid CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   - iv. The proxy shall produce his/her original valid CNIC or original passport at the time of the meeting.
   - v. In case of corporate entity, the Board of Directors resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy to the Company.

3. **Participation in EOGM through videoconferencing**. Members interested in attending the meeting through videoconferencing are requested to register themselves by providing the following information through email at companysecretary@lottechem.pk at least 48 hours before the time of meeting.

| Name of Shareholder | CNIC/ NTN No. | Folio No. / CDC Account No. | Mobile Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Members will be registered after necessary verification as per the above requirement and will be provided with a video link by the Company via email. The login facility will remain open from 10:30 a.m. till the end of meeting.

4. **Postal Ballot**. Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot that is voting by post or electronic mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid regulations.

5. **Restriction on Distribution of Gifts to Members**. The SECP, vide Circular No. 2 of 2018 dated February 9, 2018, and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, has strictly prohibited companies from offering or distributing gifts, incentives, or any similar benefits to members at or in connection with general meetings.

**STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

This statement sets out the material facts concerning special business to be transacted at the EOGM of the Company to be held on 22nd September 2026.

**Agenda Item No. 1: Increase in Authorized Share Capital**

In order to cater for the future share issuance needs, the Board of Directors of the Company has approved and recommended that the authorized share capital of the Company be increased from Rs. 20,000,000,000/- (Rupees Twenty Billion only) divided into 2,000,000,000 ordinary shares of Rs. 10/- each to Rs. 40,000,000,000/- (Rupees Forty Billion only) divided into 4,000,000,000 ordinary shares of Rs. 10/- each by creation of 2,000,000,000 new ordinary shares of Rs. 10/- each. The proposed increase in authorized share capital of the Company will also necessitate amendments in the Memorandum and Articles of Association of the Company.

**Agenda Item No. 2: Change of Name of the Company**

Consequent upon completion of acquisition of majority shareholding of the Company by PTA Global Holding Limited, a company jointly owned by AsiaPak Investments Limited (BVI) and Montage Commodities FZCO (UAE), from Lotte Chemical Corporation, South Korea, effective 12 November 2025, the Board of Directors proposes that the name of the Company be changed to Noventra Limited.

There will be no change in the entity or operations of the Company by this change of corporate name.

**Interest of directors**

No directors have direct or indirect interest in respect of special businesses mentioned above except in their capacities as directors of the Company.

LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD

# نوٹس برائے خصوصی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کا خصوصی اجلاسِ عام (EOGM) بروز منگل، مورخہ 22 ستمبر 2026 کو صبح 11:00 بجے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ اینڈ فنانس، پاکستان، ایم ٹی خان روڈ، کراچی اور ویڈیو لنک کے ذریعے درج ذیل اُمور سرانجام دینے کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

**خصوصی کاروبار:**

**1۔ مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافہ**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 85 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 سمیت دیگر قابلِ اطلاق قوانین کے تحت کمپنی کے مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافے پر غور کیا جائے گا اوراگر مناسب سمجھا جائے، تو اس کی منظوری دی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ضروری ترامیم کی جائیں گی اور درج ذیل خصوصی قراردادیں منظور کی جائیں گی:

قرار پایا کہ، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 85 کے تحت کمپنی کا مجاز شیئر کیپیٹل -/20,000,000,000 روپے (صرف بیس ارب روپے) سے بڑھا کر -/40,000,000,000 روپے (صرف چالیس ارب روپے) کر دیا جائے، جو -/10 روپے فی شیئر مالیت کے 4,000,000,000 (چار ارب) عمومی شیئرز میں منقسم ہوگا، جبکہ موجودہ مجاز شیئر کیپیٹل -/10 روپے فی شیئر مالیت کے 2,000,000,000 (دو ارب) عمومی شیئرز میں منقسم ہے۔

مزید قرار پایا کہ، کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق (V) میں ترمیم کی جائے اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل شق شامل کی جائے:

"کمپنی کا مجاز شیئر کیپیٹل -/40,000,000,000 روپے (صرف چالیس ارب روپے) ہے، جو 10 روپے فی شیئر مالیت کے 4,000,000,000 (چار ارب) عمومی شیئرز میں منقسم ہے۔"

**2۔ کمپنی کے نام کی تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 12 اور قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق کمپنی کے نام کو "لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ" سے تبدیل کرکے "Noventra Limited" (نووینٹرا لمیٹڈ) کرنے پر غور کیا جائے گا اور، اگر مناسب سمجھا جائے، تو اس کی منظوری دی جائے گی۔ اس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ضروری ترامیم کی جائیں گی اور درج ذیل خصوصی قراردادیں منظور کی جائیں گی:

قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 12 کے تحت، اور قابلِ اطلاق قوانین کے تحت درکار تمام منظوریوں، رضامندیوں اور اجازتوں سے مشروط، کمپنی کا نام لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ سے تبدیل کرکے نووینٹرا لمیٹڈ کر دیا جائے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں جہاں کہیں بھی "لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ" کا نام درج ہے، اسے تبدیل کرکے "نووینٹرا لمیٹڈ" کر دیا جائے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی طور پر اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کے مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافے، کمپنی کے نام کی تبدیلی اور اس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کی جانے والی ترامیم اور اضافے کے سلسلے میں قابلِ اطلاق قوانین کے تحت تمام تقاضے پورے کریں، جن میں، بغیر کسی تحدید کے، ترمیم شدہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن، آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، اعلانات، فارمز، دستاویزات، سرکلرز اور دیگر متعلقہ کاغذات سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور جہاں ضروری ہو، کسی بھی دیگر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کرانا اور جہاں مطلوب ہو، ایسے دستاویزات پر کمپنی کی مہر ثبت کرنا شامل ہے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت خصوصی کاروبار سے متعلق اہم حقائق پر مشتمل بیان، جو اجلاس میں زیرِ غور لایا جائے گا، اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ،
فیصل عابد
کمپنی سیکرٹری

01 ستمبر 2026
کراچی

**نوٹس:**

**1۔ کتابوں کی بندش:** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس، بروز منگل 15 ستمبر 2026 سے بروز منگل 22 ستمبر 2026 تک بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ جو ٹرانسفرز 14 ستمبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد فاران ہوٹل، نرسری، بلاک-6، پی۔ای۔ سی۔ ایچ۔ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو موصول ہو جائیں گے، وہ EOGM میں شرکت کیلئے اہل تصور کیے جائیں گے۔

**2۔ خصوصی اجلاس میں شرکت:** کمپنی کا ممبر، جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہو گا، اسے یہ حق بھی حاصل ہو گا کہ وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکے۔ وہ پراکسیز جو اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہو جائیں گی، وہی مؤثر سمجھی جائیں گی۔ مذکورہ مدت میں چھٹی کا دن شمار نہیں کیا جائے گا۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.lottechem.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں درج موجودہ ہدایات پر عمل کرنا ہو گا جو کہ درج ذیل ہیں:

**(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:**

(i) فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار داد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط اجلاس کے وقت فراہم کرنا ہو گا (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

**(ب) پراکسیز کی تقرری کے لیے:**

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی اوران کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ درج بالا طریقے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کسی دو اشخاص سے تصدیق شدہ ہونے چاہیئے، جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ز فارم پر درج کئے جائیں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرنا ہو گا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار داد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط کے نمونے پراکسی کے ساتھ کمپنی کو فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

**3۔ خصوصی اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت:** ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل companysecretary@lottechem.pk پر ای میل کے ذریعے درج ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹر کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ این ٹی این نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ممبرز کی مندرجہ بالا انفارمیشن کو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور کمپنی کی طرف سے ای میل کے ذریعے ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ اِن کی سہولت صبح 10:30 بجے سے میٹنگ کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

**4۔ پوسٹل بیلٹ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، اراکین کو اپنے حقِ رائے دہی کے استعمال کی اجازت ہوگی۔ یہ ووٹنگ پوسٹل بیلٹ یعنی ڈاک کے ذریعے یا الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے بھی کی جا سکے گی، اور اس کا طریقہ کار و شرائط مذکورہ ریگولیشنز کے مطابق ہوں گی۔

**5۔ ممبرز کو تحائف کی تقسیم پر پابندی**

سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے سرکلر نمبر 2 آف 2018 مورخہ 9 فروری 2018 اور S.R.O. 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے تحت کمپنیوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ اجلاسِ عام کے موقع پر یا اس کے سلسلے میں اراکین کو کسی بھی قسم کے تحائف، مراعات یا فوائد (بشمول ٹوکنز، کوپنز، کھانے یا ٹیک اوے پیکجز وغیرہ) دینے یا تقسیم کرنے پر پابندی ہے۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان

یہ بیان کمپنی کے 22 ستمبر 2026 کو منعقد ہونے والے غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) میں زیرِ غور لائے جانے والے خصوصی کاروبار سے متعلق اہم حقائق پر مشتمل ہے۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1: مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافہ**

مستقبل میں شیئرز کے اجراء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظوری دی ہے اور سفارش کی ہے کہ کمپنی کا مجاز شیئر کیپیٹل -/20,000,000,000 روپے (صرف بیس ارب روپے)، جو -/10 روپے فی شیئر مالیت کے 2,000,000,000 (دو ارب) عمومی شیئرز میں منقسم ہے، کو بڑھا کر -/40,000,000,000 روپے (صرف چالیس ارب روپے) کر دیا جائے، جو -/10 روپے فی شیئر مالیت کے 4,000,000,000 (چار ارب) عام شیئرز پر مشتمل ہو گا۔ اس مقصد کے لیے -/10 روپے فی شیئر مالیت کے 2,000,000,000 (دو ارب) نئے عمومی شیئرز جاری کیے جائیں گے۔

کمپنی کے مجاز شیئر کیپیٹل میں مجوزہ اضافہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ضروری ترامیم کا بھی متقاضی ہو گا۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 2: کمپنی کے نام کی تبدیلی**

PTA گلوبل ہولڈنگ لمیٹڈ، جو ایشیاء پاک انویسٹمنٹ لمیٹڈ (BVI) اور مونٹیج کموڈیٹیز FZCO (متحدہ عرب امارات) کی مشترکہ ملکیت والی کمپنی ہے، کی جانب سے جنوبی کوریا کی کمپنی لوٹے کیمیکل کارپوریشن سے کمپنی کے اکثریتی شیئر ہولڈنگ کے حصول کی تکمیل 12 نومبر 2025 سے مؤثر ہونے کے بعد، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز دی ہے کہ کمپنی کا نام تبدیل کرکے نووینٹرا لمیٹڈ کر دیا جائے۔

کمپنی کے نام میں مذکورہ تبدیلی سے کمپنی کی قانونی حیثیت یا اس کے کاروباری امور اور آپریشنز میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہو گی۔

**ڈائریکٹرز کا مفاد**

مندرجہ بالا خصوصی کاروبار کے حوالے سے کسی بھی ڈائریکٹر کا کوئی براہِ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز ہیں۔